
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اتمام الصحیفہ فی توضیح علم الصیغہ (عربی) ضخامت: ۲۱۰ صفحات قیمت: ۲۲۵ روپے
تصنیف: علامہ مفتی عنایت احمد کاکوروی تعریب وتوضیح: مولانا عبدالوحید ملک عبدالحق ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

علم الصیغہ علم صرف کی انتہائی مفید اور بنیادی کتابوں میں سے ایک ہے۔ اس وجہ سے ہر دور میں علماء نے اس کی طرف توجہ دی۔ اور عرصہ دراز سے مدارس میں اہتمام کے ساتھ چلی آ رہی ہے۔ یہ کتاب اسکے مصنف جناب علامہ مفتی عنایت احمد صاحب کاکورویؒ نے اپنی امارت جزائر انڈمان کے دوران مرتب کی تھی۔ آپکی عبقریت اور نابغیت کی یہ واضح دلیل ہے کہ مراجع اور مآخذ کے عدم دستیابی کے باوجود آپ نے ایسی جامع ترین اور نافع کتاب لکھی۔ اصل کتاب فارسی زبان میں تھی۔ بعد میں مختلف حضرات نے اس کے اردو ترجمہ کیساتھ اس کی تشریحات وتوضیحات بھی لکھیں۔

زیر تبصرہ کتاب اس معرکۃ الاراء کتاب کی عربی ترجمہ اور تشریح ہے، مترجم اور شارح اس کتاب کی تعریب کر کے امت مسلمہ پر بالخصوص طلبہ علوم دینیہ پر بہت بڑا احسان کیا۔ اسی طرح اس کی افادیت اور اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا جو حضرات اردو یا فارسی زبان نہیں جانتے وہ بھی اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ اس سے قبل مترجم نے علم نحو کی مشہور کتاب نحو میر کی بھی تعریب کی تھی جو کہ بلاد عربیہ بالخصوص افریقی ممالک میں بہت مشہور ہوئی۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فاضل مترجم کی سعی وکوشش کو بارآور فرماوے اور انہیں مزید توفیق ارزانی فرمائے کہ اسی طرح کی علمی سوغاتیں امت کے سامنے وقتاً فوقتاً پیش کیا کریں۔ کتاب صوری اور معنوی لحاظ سے بہت دیدہ زیب اور خوبصورت ہے۔ زمزم پبلشرز نے اپنی روایتی شائستگی کا ثبوت دیتے ہوئے اس عظیم علمی کتاب کو کماحقہ بہترین انداز میں شائع کیا۔

---

کتاب: مفید الطالبین ضخامت: ۲۷ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: المکتبۃ الرحمانیہ محلہ جنگی، پشاور

درسِ نظامی کے نوآموز طلبہ وطالبات کیلئے حضرت مولانا محمد احسن نانوتویؒ کے وجیز اور مختصر پندرہ ورقی رسالہ "مفید الطالبین" کی افادیت سے کسی کو بھی انکار نہیں، جس پر تعلیق کرنے والے عظیم عبقری شخصیت اور علمی دنیا کے معروف ادیب حضرت مولانا محمد اعزاز علی غفرلہ ہیں، حضرت امروہویؒ کی اس عظیم کاوش کو یقیناً حلقۂ علم وادب میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے البتہ آج کل جو رسالہ بازاروں میں دستیاب ہے یہ وہی ایک عکسی نسخہ ہے جس کو سب ناشران اپنے مکتبوں سے مختلف ٹائٹلوں اور کاغذوں سے چھپواتے رہتے ہیں اور کچھ مکتبوں کی طرف سے اس کی کتابت بھی کروائی گئی ہے تاہم ان کے زیرِ نظر بھی یہی ایک عکسی نسخہ چلا آ رہا ہے۔ پچھلے دنوں اس عکسی رسالہ کی تصحیح گئی اور اس میں موجود غلطیوں کی اصلاح کے بعد اسے کمپوز کرنے کی سعادت ہمارے ہی جامعہ حقانیہ کے ایک فاضل نور الاسلام ترخوی (ایم اے عربی واسلامیات) نے بہت توجہ اور شوق سے کی ہے جو کہ قابل ستائش کاوش ہے۔

© rasailojaraid.com